GCIL/Corp-EOGM/PSX

March 21, 2025

**The General Manager**
Pakistan Stock Exchange Limited,
Stock Exchange Building,
Stock Exchange Road – **Karachi.**

**NEWSPAPER CUTTINGS**
**NOTICE OF EXTRA ORDINARY GENERAL MEETING**

Dear Sir,

This is in continuation of our letter no. GCIL/Corp-EOGM/PSX, dated March 20, 2025, we are pleased to enclose newspaper cuttings of Notice of Extra Ordinary General Meeting published in Daily Dawn and Daily Ausaf on March 21, 2025 in Karachi, Lahore & Islamabad, for your information and placement on record.

Please inform the TRE Certificate Holders of the Exchange accordingly.

Please acknowledge the receipt.

Yours truly,
for **GHANI CHEMICAL INDUSTRIES LIMITED**

**FARZAND ALI**
Company Secretary

**Encls:** As stated above

**CC:** The Executive Director / HOD, Offsite–II Department, SECP, Islamabad.

08 NATIONAL — NORTH
DAWN LAHORE, FRIDAY MARCH 21, 2025
FOUNDED BY QUAID-I-AZAM MOHAMMAD ALI JINNAH
DAWN
Friday March 21, 2025
Ramazan 20, 1446
LAHORE
Rs 35.00
18 Pages
Vol. LXXIX No. 80
Regd. No. CPL-199
www.dawn.com

# GHANI CHEMICAL INDUSTRIES LIMITED

Ghani Global Group

Faith.... Experience.... Innovation.... Growth

## NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that an **Extra-Ordinary General Meeting** (EOGM) of shareholders of **Ghani Chemical Industries Limited** (the Company/GCIL) will be held on Saturday, **April 12, 2025 at 12:00 Noon** at registered office of the Company at 10-N, Model Town Ext., Lahore to transact the following special business:-

**SPECIAL BUSINESS**

1. To consider and if deemed fit, to pass the following resolutions as special resolutions under section 199 of the Companies Act, 2017, with or without modification(s), addition(s) or deletion(s) as recommended by the board of directors:

**Resolved That** pursuant to the requirements of Section 199 of the Companies Act, 2017, Ghani Chemical Industries Limited (GCIL/the Company) be and is hereby authorized to make investment up to PKR 1,500 million in Ghani ChemWorld Limited (GCWL) an associated/subsidiary company of GCIL, by way of advances and loans, as and when required by GCWL, provided that the return on such advances and loans shall not be less than rate of 3 months KIBOR +110 bps and that such advances and loans shall be repayable within three (3) years period starting from the date of payment of such advances and loans as per other terms and conditions mentioned in the statement under Section 134(3) of the Companies Act, 2017.

**"FURTHER RESOLVED THAT** the above said resolutions shall be valid for a period of three years starting from the date of approval by shareholders of the Company and the Chief Executive Officer and/or Company Secretary of the Company be and are hereby singly empowered and authorized to undertake the decision of said investment as and when required and to do all such acts , deeds, matters and things as may be deemed necessary, proper or considered expedient for the purpose of giving effect to the abovementioned resolution and/or may be directed by the Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP) and such amendment, modification, addition or deletion shall be deemed to be have been approved as part of the special resolution without the need of members to pass a fresh Special Resolution."

Lahore
Dated: March 20, 2025

By Order of the Board
Farzand Ali
Company Secretary

**NOTES:**

1. **Book Closure:**
Share Transfer books of the Company will remain closed and no transfer of shares will be accepted from April 10, 2025 to April 16, 2025 (both days inclusive). Transfer receive in order at the office of the share registrar:
M/s Corplink (Private) Limited,
1-K, Commercial Model Town, Lahore Telephone No. 042-36375531, 36375339
Fax No. 042-36312550, E-mail: shares@corplink.com.pk
at the close of business on April 09, 2025 will be treated in time for the purpose of attending the EOGM.

2. **Attendance of the Meeting**
A member entitled to attend, speak and vote at the EOGM is entitled to appoint a proxy to attend, speak and vote instead of him/her.
Proxies in order to be effective duly signed, filled and witnessed must be deposited at the Registered Office of the Company, along with the attested copies of valid Computerized National Identity Card (CNIC) or Passport, not less than 48 hours before the meeting.
CDC Account Holders will have to follow the guidelines as laid down in Circular No. 1 dated January 26, 2000 issued by the SECP for attending the meeting.
Attendance in the meeting shall be on production of original CNIC or passport.
The Company has made arrangements to ensure that all participants, including shareholders, can now participate in the EOGM proceedings via video link. In order to attend the meeting through video link members are requested to share the below information at eogmgcil2025@ghaniglobal.com, for their appointment/registration and proxy verification by or before Thursday April 10, 2025 as per below format.

| Full Name | Folio/CDC No. | Company Name | CNIC Number | Registered Email Address | Cell Number |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

Video link details and login credentials will be shared with those members whose registered emails containing all the particulars are received on or before Thursday April 10, 2025.
Video link details and login credentials will be shared with those members whose registered emails containing all the particulars are received on or before Thursday April 10, 2025.
Shareholders can also provide their comments and questions for the agenda items of the EOGM at the email address eogmgcil2025@ghaniglobal.com.
Shareholders are encouraged to attend the EOGM through video link or by consolidating their attendance through proxies.

3. **Postal ballot facility:**
In accordance with the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018, the right to vote through electronic voting facility and voting by post shall be provided to members of the Company in the manner and subject to conditions contained in the Regulations.

4. **General:**
Members holding shares in physical form are requested to promptly notify Company's share registrar, M/S Corplink (Private) Limited, of any change in their postal/email addresses. Members maintaining their shares in CDS should have their address/ email addresses updated with their relevant Participant/CDC account services. For any query/problem/information, the investors may contact Mr. Farzand Ali at + 92 42 35161424-5 and e-mail address farzandali@ghaniglobal.com and/ M/s Corplink (Private) Limited, Wings Arcade, 1-K Commercial, Model Town, Lahore.

**STATEMENT OF METERIAL FACTS UNDER SECTON 134(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017 IS ANNEXED WITH THE NOTICE OF EXTRA ORDINARY GENERAL MEETING BEING DISPATCH TO THE SHAREHOLDERS**

Corporate Office: 10-N, Model Town, Ext, Lahore. UAN: 111 GHANI-1, www.ghaniglobal.com

# غنی کیمیکل انڈسٹریز لمیٹڈ

Faith.... Experience.... Innovation.... Growth

Ghani Global Group

## نوٹس برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ غنی کیمیکل انڈسٹریز لمیٹڈ (کمپنی / جی سی آئی ایل) کے حصص داران کا غیر معمولی اجلاس عام (ای او جی ایم) مورخہ 12 اپریل 2025، بروز ہفتہ، دن 12:00 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر واقع N-10، ماڈل ٹاؤن ایکسٹینشن، لاہور میں درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا:

### خصوصی امور

1- کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 199 کے تحت جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے تجویز کیا گیا ہے، بطور خصوصی قرارداد درج ذیل قراردادوں کو زیر غور لانا اور کسی ترمیم یا ترامیم، اضافہ یا حذف کے ساتھ یا اس کے بغیر منظوری دینا:

**قرار دیا جاتا ہے کہ** کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 199 کی شرائط کی رو سے غنی کیمیکل انڈسٹریز لمیٹڈ (جی سی آئی ایل / کمپنی) کو اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہذا دیا جاتا ہے کہ وہ جی سی آئی ایل کی ملحقہ / ذیلی کمپنی غنی کیم ورلڈ لمیٹڈ (جی سی ڈبلیو ایل) میں 1,500 ملین پاکستانی روپے تک کی سرمایہ کاری پیشگی رقوم اور قرضوں کی شکل میں، جب اور جیسے جی ڈبلیو سی ایل کو ضرورت پڑے، کرے بشرطیکہ یہ پیشگی رقوم اور قرضے 3 ماہ کے KIBOR + 110 کی شرح سے کم نہیں ہوں گے اور یہ پیشگی رقوم اور قرضے کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 134(3) کے تحت بیان میں مذکور دیگر شرائط وضوابط کے مطابق ان پیشگی رقوم اور قرضوں کی ادائیگی کی تاریخ سے تین (3) سالہ مدت کے اندر قابل واپسی ہوں گے۔

"**مزید قرار دیا جاتا ہے کہ** مذکورہ بالا قراردادیں کمپنی کے حصص داران کی منظوری کی تاریخ سے تین سالہ مدت کے لئے موثر ہوں گی اور کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور / یا کمپنی سیکرٹری کو بذریعہ ہذا واحد حیثیت میں اختیار دیا جائے اور مجاز بنایا جائے اور بذریعہ ہذا اختیار دیا جاتا ہے اور مجاز بنایا جاتا ہے کہ وہ جب اور جیسے ضرورت پڑے اس سرمایہ کاری کا فیصلہ کریں اور ایسے تمام کام، ڈیڈز، امور اور چیزیں انجام دیں جیسا کہ مذکورہ بالا قراردادوں کو موثر شکل دینے کے لئے ضروری، یا موزوں سمجھے جائیں یا قرین مصلحت ہوں اور / یا سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے ہدایت کی گئی ہو اور اس ترمیم، تبدیلی، اضافہ یا حذف کو ارکان کی جانب سے نئی خصوصی قرارداد کے طور پر منظوری کی ضرورت کے خصوصی قرارداد کے جزو کے منظور شدہ تصور کیا جائے گا۔"

**بحکم بورڈ**
**فرزند علی**
**کمپنی سیکریٹری**

لاہور
تاریخ: 20 مارچ 2025ء

**نوٹس:**

### 1- کتب کی بندش

کمپنی کی حصص منتقلی کی کتب مورخہ 10 اپریل 2025 تا مورخہ 16 اپریل 2025 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ دفتر شیئر رجسٹرار میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ K-1، کمرشل ماڈل ٹاؤن، لاہور 54000، پاکستان

دفتر: 36375339 ,042-36375531 فیکس: 042-36312550 ای میل: shares@corplink.com.pk

میں بروز جمعہ مورخہ 9 اپریل 2025 کو اوقات کار ختم ہونے پر موصولہ منتقلیوں کو غیر معمولی اجلاس میں حاضری کے مقصد کے لئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

### 2- اجلاس میں حاضری

غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت، تقریر اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھنے والے رکن کو اپنی جگہ شرکت کرنے، تقریر کرنے اور ووٹ دینے کے لئے پراکسی مقرر کرنے کا استحقاق حاصل ہے۔

پراکسی کو موثر حیثیت دینے کے لئے اس پر مناسب طریقے سے دستخط کر کے، اسے پُر کر کے اور گواہی کے ساتھ درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول کے ہمراہ اجلاس سے زیادہ سے زیادہ 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں جمع کرا دیا جائے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو اجلاس میں شرکت کے لئے ایس ای سی پی کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1، مورخہ 26 جنوری 2000 میں بیان کئے گئے رہنما اصولوں پر عمل کرنا ہوگا۔

اجلاس میں شرکت کے لئے اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

کمپنی نے اس امر کو یقینی بنانے کے انتظامات کئے ہیں کہ تمام شرکاء، بشمول حصص داران اب سالانہ اجلاس عام کی کارروائی میں بذریعہ وڈیو لنک حصہ لے سکیں۔ وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے لئے ارکان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ درج ذیل معلومات eogmgcil2025@ghaniglobal.com پر، اپنی اپائنٹمنٹ / رجسٹریشن کے لئے اور پراکسی کی تصدیق کے لئے مورخہ 10 اپریل 2025 بروز جمعرات تک یا اس سے قبل نیچے دیئے گئے فارمیٹ کے مطابق فراہم کردیں:

| پورا نام | فولیو / سی ڈی سی نمبر | کمپنی کا نام | سی این آئی سی نمبر | رجسٹرڈ ای میل پتہ | موبائل نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

وڈیو لنک کی تفصیلات اور لاگ ان کی معلومات ان ارکان کو فراہم کی جائیں گی جن کی رجسٹرڈ ای میل بشمول تمام کوائف، 10 اپریل 2025 بروز جمعرات کو یا اس سے پہلے موصول ہو جائیں گی۔

حصص داران سالانہ اجلاس عام کے ایجنڈا کے اجزاء پر اپنے تبصرے اور سوالات ای میل کے ذریعے eogmgcil2025@ghaniglobal.com کے پتے پر بھی فراہم کر سکتے ہیں۔

حصص داران کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ وڈیو لنک کے ذریعے غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کریں یا پراکسی کے ذریعے اپنی حاضری کو حتمی شکل دیں۔

### 3- پوسٹل بیلٹ کی سہولت:

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 ("ریگولیشنز") کی رو سے کمپنی کے ارکان کو بذریعہ ڈاک ووٹ دینے اور الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت کے ذریعے ووٹ دینے کا حق ریگولیشنز میں بیان کی گئی شرائط پر اور انداز میں فراہم کیا جائے گا۔

### 4- عمومی امور

فزیکل شکل میں حصص کے حامل ارکان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے ڈاک / ای میل پتہ میں کسی بھی تبدیلی کے بارے میں فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مطلع کریں۔ جن ارکان کے حصص سی ڈی ایس میں ہیں وہ اپنا پتہ / ای میل پتہ اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹ / سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز میں اپ ڈیٹ کرا دیں۔ کسی بھی استفسار / مسئلے / معلومات کے سلسلے میں انوسٹرز جناب فرزند علی سے 5-35161424 42 92 + پر اور ای میل پتہ farzandali@ghaniglobal.com پر اور میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، K-1 کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

**کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 134(3) کے تحت مادی حقائق کا بیان بشمول مجوزہ خصوصی قراردادیں شیئر ہولڈرز کو بھیجے جانے والے غیر معمولی اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ منسلک ہیں۔**

Corporate Office: 10-N, Model Town, Ext, Lahore. UAN: 111 GHANI-1, www.ghaniglobal.com

روزنامہ اوصاف لاہور
DAILY AUSAF LAHORE
FRIDAY, MARCH 21, 2025
Registered ID 174